نمبر (۲۶)

جلد (۴۱)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق یکم جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ جات نائب تحصیلداران ۔	۱
۲	بندوبست میعادی دیہات مستاجری	۱و۲
۳	احکام بسلسلہ [illegible] منشی حامد حسن و مطبع [illegible] صدر	۲
۴	احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر بابتہ مدارس وغیرہ	۲و۳
۵	ہدایات متعلق مقدمات افتادگان ۔	۳و۴
۶	نقشہ جات بارش	ضمیمہ

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۳ جون سنہ ۱۹۲۹ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

نائب تحصیلدار نامزدہ تحصیل شاہ آباد کو اور نائب تحصیلدار شاہ آباد تحصیل بلاسپور کو اور نائب تحصیلدار بلاسپور تحصیل نامزدہ کو تبدیل کئے جائیں۔ ایک ہفتہ کے اندر تبدیل چارج کرکے ہر ایک نائب تحصیلدار اپنی اپنی جگہ پہنچ جائیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۳ جون سنہ ۱۹۲۹ء

بمنظوری اجلاس ہمایوں مرقومہ ۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۹ء کل رقبہ دیہات مستاجری کی میعاد بندوبست پندرہ سالہ قائم کرنیکی بابتہ حسب ذیل حکم ہے ۔

(۱) امسال جسقدر دیہات کا بندوبست خواہ بذریعہ تشخیص یا بذریعہ نیلام ہوا ہے اُنکی میعاد پندرہ سالہ ہوگی ۔

(۲) جن مواضعات کا بندوبست تشخیص سنین ماضیہ میں ہو چکا ہے اُنکی میعاد میں بھی پانچ سال کی توسیع دیکر پندرہ سالہ کردیجائے ۔

(۳) جن مواضعات کا بندوبست سنین ماضیہ میں بذریعہ نیلام ہوا ہے اُن دیہات کے مستاجران بھی اگر درخواست کریں تو اُنکی میعاد بھی پندرہ سالہ کردیجائے ۔

اس حکم کے نفاذ سے پہلے دیہات اخامی دریابرد و برآمد کی میعاد چہ سالہ اور بعض کی دو سالہ اور دیہات مستقل کی عموماً میعاد دو سالہ ہوتی تھی اب چونکہ کل ترتیب دیہات مستاجری کے یکسان میعاد پندرہ سالہ قایم کردیئے کا حسب تجویز مندرجہ صدر حکم ہے لہذا مشمول مشورہ صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر کل دیہات دریابرد و برآمد کی میعاد بندوبست ابتدائی سالی بندوبست سے پندرہ سالہ میعاد قایم ہوگی اور ایسے دیہات دریابرد و برآمد میں حسب تجویز ذیل عمل کیا جایا کریگا۔

(۱) ابتدائی میعاد بندوبست سے ہر پانچ سال کے بعد مالگذاری میں کم و بیشی ہوا کریگی۔

(۲) پانچ سال کے اندر جو کچھ نفع و نقصان بوجہ بردی و برآری ہوگا وہ مستاجر کی ذات سے متعلق ہوگا۔

(۳) ابتک جو بلحاظ بردی و برآری نفع و نقصان رقبہ مزروعہ دکھاسی دس فیصدی یا اس سے زائد کا بین رہین منہائی و بیشی جمع کے ساتھ ہوتا تہا وہ آیندہ نہ ہوگا۔

(۴) میعاد سے چار سال گذرنے کے بعد پانچویں سال کے شروع میں ہر تحصیلدار اپنے اپنے پرگنہ کی اور وہ صلبا قیمتوں پس صدر دیہ و ارشمول نقشہ تشخیص جمع ساتہ اطلاعی رپورٹ برائے تکمیل کاغذات تشخیص بہا کرین گے۔ اور وہ رپورٹین اجلاس ہذا سے محکمہ متعلقہ جانچ کاغذات دیہی مین بہیجی جائینگے۔ تاکہ ذریعہ نقشہ کشتوار خاص دفتہ افسران پیمایش وان کے ذریعہ سے بردی و براری کی ترمیم و جانچ پڑتال موقع ہوکر صحیح کاغذات مرتب ہون اور وہ کاغذات اس سال کی پندرہ مئی تک مرتب ہوکر محکمہ متعلقہ سے اجلاس ہذا مین آئینگے تاکہ دفتر تشخیص مین انکا اندراج ہو کر باہ جون کارروائی تشخیصی ہوکر جدید جمع کا اعلان کیا جاسکے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی برائے تعمیل و اطلاع پاس جملہ تحصیلدار صاحبان مرسل ہو اور لکہا جاوے کہ مستاجران متعلق دیہات دریابرد و برآمد کو منشاء حکم سے مطلع کردین۔ اور ایک نقل بخدمت صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر۔ اور ایک نقل بخدمت حاکم صاحب صدر اور ایک نقل سرشتہ وصلبا قیمتوں پس صدر کو اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور ایک نقل بذریعہ عرضداشت اطلاعاً باجلاس ہمایون مرسل ہو۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۵ جون ۱۹۲۹ء

منشی سادہ و پرشاد صدر وصلبا قیمتوں پس کا ۱۰ مئی کو انتقال ہوگیا انکی جگہ پر منشی

جوگل کشور محرر سرسری صفوہ تحصیل کا تقرر یکم جون ۱۹۲۹ء سے استحاناً بطور عارضی چہ ماہ کے لئے کیا گیا ہے۔ منشی جوگل کشور محرر سرسری صفوہ تحصیل پر للعہ مشاہرہ پاتے تہے انکی جگہ بطور عارضی چہ ماہ کیواسطے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

منشی محمد نبی خان محرر سرسری تحصیل ملک مشاہرہ وار بیست روپیہ باضافہ دو روپیہ صفوہ تحصیل مین تبدیل ہو بجائے محمد نبی خان منشی عبدالعزیز خان اہلمد اجلاس حاکم صاحب صدر مشاہرہ دار انیس روپیہ جو پہلے ملک مین ایک عرصہ تک کار سرسری انجام دیچکا ہے باضافہ یکروپیہ تبدیل کیا جائے عبدالعزیز خان کی جگہ کا انتظام دوسرے وقت کیا جائیگا۔

منشی جگن لال محرر سرسری تحصیل شاہ آباد نیس روپیہ مشاہرہ پاتا ہے انکی تنخواہ مین یکروپیہ اضافہ کیا جائے۔ وقت حصول رخصت پندرہ یوم منشی سادہ و پرشاد بجگہ ۱۰ مئی ۱۹۲۹ء چہ پر انکے امیدوار کو مشاہرہ دس روپیہ بجائے جوگل کشور سرسری صفوہ تحصیل قایم مقام بنایا گیا تہا جو ابتک کام کررہا ہے اور یکم جون ۱۹۲۹ء سے منشی جوگل کشور کو صدر وصلبا قیمتوں پس بنایا گیا ہے یکم جون سے جو تنخواہ محرر سرسری صفوہ تحصیل کی بچت مین رہی اس بچت سے تا تبدیل چارج بہی پرشاد کو مشاہرہ دس روپیہ تنخواہ دیجائے۔

حکم ہوا کہ

حسب منشاء تجویز مذکورالصدر احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۰ جون ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نجو خان نائب مدرس مدرسہ تحصیلی ملک بوجہ غیر حاضری مدرسہ برخاست کیا گیا ہے اور بجائے نامبردہ مسمی تلسی رام مدرس مدرسہ گھلوپا تحصیل ملک کا تبادلہ کیا گیا۔ اور مدرسہ گھلوپا مین مسمی رام سروپ مڈل پاس ساکن بھیسوڑی کا تقرر بمشاہرہ مبلغ چہ روپیہ استحاناً برائے چہ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ جون ۱۹۲۹ء

بمنشاء رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر دربار و منظوری رخصت چہ ماہ مسعود احمد محرر رجسٹری بموجب انتظام مندرجہ حکم

حکم

یکم جولائی سے بوضع تنخواہ مسعود احمد محرر رجسٹری کی رخصت چہ ماہ منظور کیجاتی ہے۔ نصیر الدین خان

ورق گردان مسعود احمد رخصتی کا ایام رخصت میں عوض رہکر کام انجام دیگا اور جو تنخواہ
مسعود احمد کو ملتی ہے وہ نصیر احمد خان مذکور پائیگا - اور مسمی چاند ولد شیت اللہ ورق گردانی
عوض نصیر احمد خان کا حسب ضابطہ رجسٹرار صدر مقرر کیا جائے - اور تنخواہ ورق گردانی کی
عوض کو ملتی رہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ / جون سنہ ۱۹۲۹ء

بستہ عرضی منشی پرشاگی لال کلرک اجلاس باستدعا رخصت از ۲۲ / لغایت
۳۰ / جون سنہ ۱۹۲۹ء بغرض لیجانے برادر زادہ بیمار کو بیرونجات بغرض
تبدیل آب وہوا -

حکم

منشی پرشاگی لال غیر حاضر ہیں - آج یہ درخواست آئی ہے - وہ بھی کسی دوسرے شخص کی
لکھی ہوئی ہے - انکو چاہئے تھا کہ بروقت درخواست دیتے - علاوہ اسکے دفتر میں
دوسرا انگریزی داں کوئی نہیں ہے اسقدر زیادہ رخصت سے سخت حرج کار ہے اور
نہیں ملسکتی ہے - لہذا بوضع تنخواہ رخصت تا آخر جون منظور ہے - اور آئندہ کیواسطے
متنبہ ہونا چاہئے کہ اسطرح غیر حاضر ہوکر ہرگز درخواست نہ دیجائے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر بعوض

۲۲ / جون سنہ ۱۹۲۹ء

مظفر العلیم مدرس مڈل اسکول چونکہ غیر حاضر ہے - لہذا بجائے نامبردہ مسمی بنی رضا خان
ولد حبیب رضا خان مڈل پاس کا بمشاہرہ [illegible] عوض مقرر کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ / جون سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسہ بلاسپور میں انگلش ٹیچر کی جگہ سے رام چرن ولد بھگوتی پرشاد انٹرنس پاس
ساکن رامپور کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ بمشاہرہ پندرہ روپیہ تنخواہ پر منظور ہے - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۰ / جون سنہ ۱۹۲۹ء

منظور احمد نائب مدرس مدرسہ بہوٹ بقال بوجہ غیر حاضری ۱۹ / مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے
برخاست کیا گیا - اور بجائے اسکے مسمی احسان خان مڈل ورنیکلر پاس کا تقرر
تیرہ روپیہ ماہوار تنخواہ اور دو روپیہ مستقل الاؤنس پر امتحاناً برائے چھ ماہ منظور کیا گیا -

لہذا حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۷ / جون سنہ ۱۹۲۹ء

حشمت علیخان مدرس مدرسہ [illegible] پرگنہ حضور تحصیل غیر حاضر ہے - لہذا نامبردہ ۸ / جون
سنہ ۱۹۲۹ء سے برخاست کیا جائے - اور مدرسہ [illegible] میں مسمی [illegible] مدرس [illegible]
حضور تحصیل تنخواہ دار [illegible] ماہوار کا تبادلہ کیا جائے - اور مدرسہ [illegible] میں لیاقت علی
چہارم پاس [illegible] ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ مقرر کیا جائے - لہذا

حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۸ / جون سنہ ۱۹۲۹ء

چارج لینے کے وقت جو مقدمات اضافہ لگان بصورت ابتدائی نالشات دائر
بندوبست تھے وہ تحصیلات کو بنا بر فیصلہ تفویض ہوئے تھے تحصیل ملک سے کثیر التعداد
رپورٹیں طلبی پرتہ جات بندوبست جدید کے لئے آرہی ہیں جنکی طرز تحریر سے معلوم ہوتا ہے
کہ ہر مسل میں شامل کرنے کے لئے ہر متعلق محال کا پرتہ بلکہ ہر ہر جوت کا پرتہ خود عدالت ہی
طلب کرنا ضروری سمجھتی ہے اور فریقین بھی دوسرے محالات کے پرتہ جات نظیر میں طلب
کرا رہے ہیں - یہ کارروائی ان اضافہ لگان کے فیصلہ جات کے لئے خلاف اصول ہے
جو بندوبست جدید ختم ہونے کے بعد بھی دائر ہوا کرتے ہیں اور باعث طوالت کار بھی ہے
یہی وجوہات غالباً مانع فیصلہ ہو رہے ہیں - اور نقشہ میں بقایا مقدمات کی تعداد
زیادہ ہے - لہذا عدالتہائے ابتدائی کی آگاہی کی غرض سے حسب ذیل ہدایت جاری
کیجاتی ہے -

(۱) جو مقدمات قریب اختتام بندوبست جدید اضافہ لگان یا تخفیف لگان کے متعلق
دائر ہوئے ہیں انکے فیصلہ جات کے لئے عام طور پر معائنہ موقع وحیثیت آراضی کی
تحقیق غیر ضروری ہے اور زائد آراضیات کی تلاش اور انکی برآمدگی پرتہ جات میں بھی
وقت صرف کرنا بیکار ہے - بلکہ سٹم بندوبست کی چکبراشی اور اسے محال پر تشخیص سے
کام لینے کی ضرورت ہے - علاوہ جدید بندوبست میں چکبراشی کے بعد تمام زمین
قائم کرکے کاغذات پٹواری میں درج کرائی ہیں اور پرتہ جات تشخیص کی نقل محافظ خانہ سے

جاری ہے جو فیصلہ کے لئے کافی ہے۔

(۲) اگر کوئی فریق منجملہ دیگر محالات کے پرتہ جات طلب کرتا ہے تو اسکی استدعا بحوالہ حسب ابتدائی کو احتیاط کے ساتھ غور کرکے اور نتیجہ پر پہنچکر حکم دینا چاہئے اور بصورت منظوری استدعا فریق متعلق کو بقول ضابطہ پیش ہونے اور ثابت کرنیکی ہدایت کرنا چاہئے۔

(۳) ہر جداگانہ مسل میں مشمول رپورٹ پرتہ مجوزہ محافظ خانہ مسل کے شامل ہونیکی ضرورت نہیں ہے بلکہ ایک محال کی ایک مسل بناکر ایک فیصلہ سے تعمیل کرنا چاہئے۔ پٹی وار یا کھاتہ وار اسکی تعمیل کی جاوے۔ یعنی ایک مسل میں تکمیل تجویز کل کاشتکاران کے متعلق کیجاوے اور دوسری مسلوں میں اس مفصل تجویز کا حوالہ دینا چاہئے۔

(۴) چونکہ نفاذ مالگذاری شخصہ جدید کو دو سال گذر چکے ہیں اسلئے جسقدر جلد ممکن ہو مسل ہائے ذیلداری کو تعمیل کر دیا جاوے تاکہ زمینداران کے نقصانات کی تلافی ہو سکے اور دائرہ مقدمات بھی کم ہو جائیں۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی تحصیلات ملک و شاہ آباد و بلاسپور کو بھیجی جاوے۔ ایک نقل درج گزٹ کیجاوے صدر سے احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۱۵ ر لغایت ۲۱ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء ہفتہ وار

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل سوار		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان
۱۵ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۰	۱۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۶ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم یکشنبہ	۰	۰	۰	۰	″	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۷ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم دوشنبہ	۰	۰	۰	۰	″	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۸ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء سہ شنبہ	۰	۰	۰	۰	″	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۱۹ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء چہار شنبہ	۲	۰	۰	۰	″	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۲۰ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء پنجشنبہ	۰	۳	۱۴	۰	″	۰	۰	۰	۱۲	۰	۵	۰
۲۱ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم جمعہ	۲۲ ½	۲۵ ½	۰	۱۷	″	۰	۰	۰	۰	۱۲	۰	۵

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ ر جون لغایت ۲۸ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء ہفتہ وار

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان	تعداد خط	اوزان
۲۲ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۲۵ ½	۲	۲۰	۱۵ ½	۲۷ ½	۵	۳	۰	۰	۱۸	۲۳
۲۳ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم یکشنبہ	۲۷ ½	۵۳	۰	۲۰	۰	۲۷ ½	۰	۸	۱۵	۰	۰	۲۳
۲۴ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم دوشنبہ	۰	۵۳	۰	۲۰	۰	۲۷ ½	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۵	۰	۲۳
۲۵ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم سہ شنبہ	۰	۵۳	۰	۲۰	۰	۲۷ ½	″	۰	۰	۱۵	۱۹	۴۱
۲۶ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم چہار شنبہ	۰	۵۳	۵	۲۵	۲	۳۲ ½	″	۰	۰	۱۵	۱	۴۲
۲۷ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم پنجشنبہ	۲	۵۵	۰	۲۵	نقشہ نہیں آیا	-	″	۰	۱	۱۲	۰	۴۲
۲۸ ر جون سنہ ۱۹۲۹ء یوم جمعہ	۰	۵۵	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰	″	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰